# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

**مورخہ 16 مئی، 2017**

الیکشن کمیشن نے انتخابی فہرستوں میں کمپیوٹرائزڈ نظام کو صوبائی سطح پر متعارف کروادیا ہے۔ کل مورخہ 15 مئی کو صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب میں ایک تقریب منعقد کی گئی جس میں ووٹر لسٹ میں باقاعدہ طور پر کمپیوٹرائزڈ ڈیٹا انٹری کا آغاز کر دیا گیا ہے اس کمپیوٹرائزڈ نظام کو عنقریب پاکستان کے ہر ضلع میں پھیلایا جائے گا۔ اس سے ووٹروں کو اپنے ووٹ کی رجسٹریشن میں کافی آسانی مل جائے گی۔

تقریب کے مہمان خصوصی ایڈیشنل سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان ظفر اقبال تھے۔ جنہوں نے انتخابی فہرستوں کے کمپیوٹرائزڈ نظام کو شفاف انتخابی فہرستوں کی تیاری میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆